اخبار الجامعة والجماعة

جامعہ علوم اثریہ کے سہ ماہی امتحانات اور عیدالاضحیٰ کی تعطیلات

جامعہ میں قسم الدراسات الاسلامیہ والعربیہ کے سہ ماہی امتحانات مورخہ 20 اکتوبر بروز ہفتہ سے شروع ہوکر 23 اکتوبر بروز منگل اختتام پذیر ہونگے۔

جامعہ میں عیدالاضحیٰ کی تعطیلات مورخہ 24 اکتوبر بروز بدھ سے 2 نومبر بروز جمعہ شام تک ہونگی۔ ان شاء اللہ۔

جامع مسجد محمدی اہل حدیث منگلا ہملٹ میں عظیم الشان جلسہ

مورخہ 23 ستمبر بروز اتوار جامع مسجد محمدی اہل حدیث منگلا ہملٹ میں عظیم الشان جلسہ زیر صدارت رئیس الجامعہ ہوا جس میں مولانا طارق محمود یزدانی اور مولانا محمد یسین بلوچ نے خطاب کیا رئیس الجامعہ کی دعا سے یہ پروگرام تکمیل پذیر ہوا۔ اس پروگرام میں رئیس الجامعہ کے علاوہ جہلم سے مولانا قطب شاہ اور قیصر بٹ نے بھی شرکت کی۔

جناح چوک ایبٹ آباد میں تحفظ ناموس رسالت ﷺ کانفرنس میں رئیس الجامعہ کی شرکت

مورخہ 6 اکتوبر بروز ہفتہ مرکزی جمعیت اہل حدیث واہل حدیث یوتھ فورس ایبٹ آباد کے زیر اہتمام عظیم الشان تحفظ ناموس رسالت ﷺ کانفرنس جناح چوک ایبٹ آباد میں بعد نماز ظہر منعقد ہوئی جس میں رئیس الجامعہ نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ اس پروگرام کی صدارت حضرت مولانا محمد سلیمان نے کی۔ کانفرنس سے مولانا سید عتیق الرحمٰن شاہ محمدی، مولانا محمد یونس آزاد، حافظ ذاکر الرحمٰن صدیقی وحافظ فیصل افضل شیخ ودیگر علماء نے خطاب کیا۔ رئیس الجامعہ نے اس پروگرام کے بعد ہری پور میں منعقدہ سالانہ کانفرنس میں بھی بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔

جامع مسجد اہل حدیث کوٹلہ آئمہ میں عظیم الشان جلسہ تحفظ ناموس رسالت

مورخہ 6 اکتوبر بروز ہفتہ بعد از نماز عشاء اہل حدیث یوتھ فورس کے زیر اہتمام جامع مسجد اہل حدیث کوٹلہ آئمہ میں عظیم الشان جلسہ تحفظ ناموس رسالت منعقد ہوا پروگرام کا آغاز کوٹلہ آئمہ کے ابوبکر کی تلاوت سے ہوا اور انیس الرحمٰن نے حمد ونعت پیش کی۔ اسٹیج سیکرٹری کے فرائض ڈاکٹر عاطف جواد صدر اہل حدیث یوتھ فورس جہلم نے سرانجام دیئے جلسہ سے مولانا عزیر سلفی خطیب مسجد ہذا، مولانا قطب شاہ اور مولانا نصیر احمد عثمانی نائب ناظم تبلیغ اہل حدیث یوتھ فورس پاکستان نے خطاب کیا۔